AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE

CLASS XII EXAMINATION

MAY 2012

Islamiyat Paper II

Time allowed: 1 hour 30 minutes   Marks 30

ہدایات

درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور تصدیق کیجیے کہ وہ درست ہیں۔

میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا نام اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔ **امیدوار کے دستخط**

2۔ خصوصی ہدایت: اس پرچے میں کل چھے سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 6 میں دو انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی ایک حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔ اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 6 نمبر)

(الف)

دورِ حاضر میں اکثر انسان خصوصاً مسلمان مشکل حالات کی بناء پر انتہائی بے سکونی کی زندگی گزار رہے ہیں، قرآن مجید کی تعلیم کس طرح اس سلسلے میں ہماری مدد کر سکتی ہے؟ **تین نکات** کے ذریعے وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

(ب) مکی اور مدنی سورتوں میں بنیادی فرق بیان کرتے ہوئے مکی سورتوں کی خصوصیات میں سے کسی دو کا جائزہ لیجیے۔ (3 نمبر)

سوال-2 (کل 6 نمبر)

(الف) اِنَّمَا بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ حُسْنَ الْاَخْلَاقِ

بے شک مجھے اس لیے رسول بنا کر بھیجا گیا ہے کہ میں اعلیٰ اخلاق کی تکمیل کروں۔

اِس حدیث کی تعلیم کی روشنی میں دنیا میں آنحضرت (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) کی آمد کے مقصد کی وضاحت کرتے ہوئے دو مثالوں سے واضح کیجیے کہ آنحضرت (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) نے اس مقصد کو کیسے پورا کیا؟ (3 نمبر)

(ب) دورِ حاضر میں اچھے اخلاق کی بے انتہا ضرورت ہے جس کے نتیجے میں معاشرے کی برائیاں کم کی جاسکتی ہیں۔ اپنی رائے دیتے ہوئے تین مثالیں تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

براہِ کرم صفحہ الٹیے

سوال-3 (کل 4 نمبر)

(الف) آنحضرت (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) ریاست مدینہ کے سربراہ تھے، آپ کی قائم کردہ مثالوں / اصولوں سے آج کا حکمران کون سے رہنما اُصول اخذ کر سکتے ہیں؟ کوئی **چار** نکات تحریر کیجیے۔

سوال۔4 (کل 4 نمبر)

ایک مسلمان کو اپنے اسلامی تشخص کے حوالے سے معاشرے کے لوگوں کے ساتھ تعلقات میں کن اخلاقی خصوصیات کا زیادہ خیال رکھنا چاہیے؟ کوئی **چار** خصوصیات کا ذکر کیجیے۔

سوال۔5 (کل 3 نمبر)

اپنے علاقے کی کسی مسجد کو سامنے رکھ کر بتائیے کہ اس میں اسلامی فنِ تعمیر کی کون سی خصوصیات پائی جاتی ہیں؟ کوئی **تین** خصوصیات کا جائزہ پیش کیجیے۔

سوال۔6 (کل 7 نمبر)

(الف) کوئی **تین** عناصر تحریر کیجیے جو اسلامی اخوت کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ نیز ان کا تدارک کیسے کیا جاسکتا ہے؟ **چار** نکات بیان کیجیے۔

یا

(ب) وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ (سورہ بقرہ۔آیت :188)

درج بالا آیت کی روشنی میں کسبِ حلال کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے کوئی **تین** باطل طریقوں کی وضاحت کریں۔

اختتام

Please use this page for rough work